بینک دولت پاکستان

شعبۂ انفرااسٹرکچر، ہاؤسنگ اور ایس ایم ای مالکاری

آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی

آئی ایچ اینڈ ایس ایم ای ایف ڈی سرکلر نمبر 11 برائے 2019ء **06 اگست 2019ء**

صدور / چیف ایگزیکٹو آفیسرز،

تمام بینک اور ترقیاتی مالی ادارے

<u>چھوٹے کاروباری اداروں اور نچلی سطح کے درمیانے کاروباری اداروں کے جاری سرمائے کی مالکاری کے لیے اسلامی نومالکاری اسکیم</u>

محترم / محترمہ،

بحوالہ چھوٹے کاروباری اداروں اور نچلی سطح کے درمیانے کاروباری اداروں (ایم ایز) کے جاری سرمائے کی مالکاری کے لیے نومالکاری اسکیم، جو آئی ایچ اینڈ ایس ایم ای ایف ڈی سرکلر نمبر 09 برائے 2017ء کے تحت اسٹیٹ بینک کی جانب سے جاری کی گئی تھی۔ تاہم مذکورہ اسکیم کا شریعت سے ہم آہنگ متبادل دستیاب نہیں تھا۔

2۔ اب، اسٹیٹ بینک مضاربہ پر مبنی "چھوٹے کاروباری اداروں اور نچلی سطح کے درمیانے کاروباری اداروں کے جاری سرمائے کی مالکاری کے لیے اسلامی نومالکاری اسکیم (آئی ڈبلیو سی ایف)" متعارف کر رہا ہے۔ اسٹیٹ بینک اس اسکیم کے تحت شریک اسلامی مالی اداروں کے عمومی پُول میں مضاربہ سرمایہ کاری کرے گا۔

3۔ ابتدائی طور پر مندرجہ ذیل ایس ایم ای شعبوں کے جاری سرمائے کے تقاضوں کو پورا کرنے کے لیے قرضے دستیاب ہوں گے۔

انفارمیشن ٹیکنالوجی (آئی ٹی)	جواہر اور زیورات
فرنیچر	چمڑے کی صنعت
آلاتِ جراحی	پھل، سبزیاں، اور فوڈ پراسیسنگ وپیکجنگ
کھجوروں کی پراسینگ	پرنٹنگ اور پیکجنگ

4۔ اسٹیٹ بینک کے متاطیہ ضوابط (پی آرز) کے مطابق چھوٹے کاروباری ادارے (ایس ایز) اس اسکیم کے تحت ایس ایم ای مالکاری کے اہل ہیں۔ ایس ایز کے لیے مالکاری کی زیادہ سے زیادہ حد وہی ہے جو اسٹیٹ بینک کے متعلقہ پی آرز میں واضح کی گئی ہے۔

5۔ درمیانے کاروباری ادارے، جن کی سالانہ فروخت 30 کروڑ روپے تک ہو، اس اسکیم کے اہل ہیں۔ درمیانے کاروباری اداروں کے لیے مالکاری کی زیادہ سے زیادہ حد 5 کروڑ روپے ہے۔

6۔ اسکیم کے تحت مالکاری کی مدت زیادہ سے زیادہ ایک برس ہے۔

7۔ شراکتی اسلامی مالی ادارے کے طور پر شمولیت کے لیے بینک اور ترقیاتی مالی ادارے اپنی درخواستیں جمع کرواسکتے ہیں۔ وہ اس اسکیم کے تحت حد کے تعین / تفویض کے لیے بھی درخواست دے سکتے ہیں۔ اس سرکلر کی تاریخ اجرا سے 30 ایام کے اندر یہ درخواستیں جمع کروائی جاسکتی ہیں۔

8۔ اسکیم اور ضروری دستاویزات کی تفصیلات منسلکہ ضمیموں میں دی گئی ہیں۔

منسلکات:

1. Annex-I: Islamic Refinance Scheme for Working Capital Financing of Small Enterprises and Low-End Medium Enterprises (IWCF)
2. Annex-II: Documents for Islamic Refinance Scheme for Working Capital Financing of Small Enterprises and Low-End Medium Enterprises (IWCF)

آپ کا مخلص،

(غلام محمد)
ڈائریکٹر